**Pakistan Tehreek-e-Insaf**
**Central Media Department**

# پاکستان تحریک انصاف کی کور کمیٹی کے اجلاس کا اعلامیہ

29دسمبر2023

**پاکستان تحریک انصاف کی کور کمیٹی کی جانب سے وائس چیئرمین شاہ محمود قریشی کی سائفر مقدمے میں ضمانت کی منظوری اور رہائی کے بعد پر تشدد گرفتاری، ان کے ساتھ روا رکھی جانے والی بدسلوکی اور دورانِ حراست ان پر تشدد کی شدید مذمت**

- وائس چیئرمین شاہ محمود قریشی کی فوری رہائی اور ان پر تشدد کے ذمہ داروں کیخلاف سخت کارروائی کا مطالبہ

**کور کمیٹی اجلاس میں ملک بھر خصوصاً پنجاب میں انتظامی افسران پر مشتمل ریٹرننگ افسران کی زیرِ نگرانی قبل از انتخابات دھاندلی کی بدترین کوششوں کی شدید مذمت**

- تحریک انصاف کے امیدواران کے کاغذاتِ نامزدگی داخل کئے جانے سے لیکر کاغذات کی پڑتال کے عمل کے دوران بدترین سرکاری مداخلت اور ریاستی مشینری کے ہاتھوں قانون سے سنگین انحراف کی بھی شدید مذمت
- تحریک انصاف کے امیدواروں کے تجویز اور تائید کنندگان کی پکڑ دھکڑ اور متعدد عدالتی احکامات کے باوجود انہیں آزادی سے انتخاب میں حصہ لینے سے روکنے کارواں ریاستی سلسلہ جمہوریت کا کھلا قتل قرار
- نہایت متنازعہ ساکھ اور کردار کے حامل انتظامی افسران پر مشتمل ریٹرننگ افسران کے ذریعے تحریک انصاف کے امیدواران کے کاغذاتِ نامزدگی پر من گھڑت، جعلی اور بے بنیاد اعتراضات لگا کر انہیں طویل قانونی کارروائی میں الجھانے اور ان پر ووٹرز سے رابطے کے دروازے عملاً مسدود کردیے جانے کے شرمناک منصوبے کی بھی شدید مذمت

Plot # 1-A, Street # 32, Sector G-8/4, Islamabad, Pakistan
Tel: +92 51 2610046, +92 51 26102047, Website: www.insaf.pk

- ریٹرننگ افسران کی غیر قانونی و غیر آئینی سرگرمیوں کے ذریعے بدترین انتخابی انجینئرنگ کی کھلی کوششوں کے تدارک میں ناکامی کا ذمہ دار الیکشن کمیشن آف پاکستان قرار
- لیول پلیئنگ فیلڈ یقینی بنانے اور اپنے آئینی مینڈیٹ کے مطابق آزادانہ، منصفانہ، غیر جانبدارانہ اور شفاف انتخابات کے دستوری فرض کی انجام دہی کی بجائے "بلّے" کا انتخابی نشان ہتھیانے اور ملک کی سب سے بڑی سیاسی جماعت کو جبراً سیاسی و جمہوری عمل سے باہر کرنے کے مکروہ عمل میں کلیدی ذمہ داری سنبھالنے پر الیکشن کمیشن آف پاکستان کی شدید مذمت
- عدالتِ عظمٰی سے انتخابی عمل کو آئین و قانون کے مطابق شفاف انداز میں پایہ تکمیل تک پہنچانے کیلئے پورے عمل خصوصاً الیکشن کمیشن اور اس کے لگائے گئے انتخابی عملے کے فیصلوں / اقدامات کی نگرانی کا مؤثر میکانزم وضع اور لاگو کرنے کی استدعا

**کور کمیٹی کی جانب سے پی ڈی ایم قائدین خصوصاً عوامی نیشنل پارٹی اور جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہان اور مسلم لیگ نواز کے صدر کے عدلیہ کے ایک مخصوص حصّے کے خلاف منظم یلغار "بلّے" کے نشان اور انتخابات میں بدترین شکست کے خوف کا نتیجہ قرار**

- ریاستی اداروں خصوصاً عدلیہ پر مسلّح حملے کی شرمناک تاریخ رکھنے والے گروہ کی معزز ججز کو کھلی دھمکیاں اور ان کے خلاف نفرت انگیز میڈیا مہم ملک میں لاقانونیّت کے دوام اور قومی مفاد کے عین برعکس انصاف کے قتل کی مکروہ روایت پختہ کرنے کے مذموم منصوبے کا شاخسانہ قرار
- ملک میں آئین کی بالادستی، قانون کی حکمرانی اور جمہوریت کے بقاو تحفظ کے حوالے سے اصولی مؤقف کا بھرپور اعادہ کرتے ہوئے معزز عدلیہ سے انصاف اور صرف انصاف کا بول بالا کرنے کی ضرورت پر زور

- ہزاروں جعلی، جھوٹے، من گھڑت اور بے بنیاد سیاسی مقدمات اور تعصّب پر مبنی ماورائے آئین و قانون انتظامی اقدامات کو عدالتی قبولیت کی فراہمی سے گریز دستور کی منشااور عدلیہ کا بنیادی آئینی فرض قرار
- کور کمیٹی کی جانب سے عدلیہ کے خلاف منظم مہم آئین و قانون پر کاربند ججز کو ہراساں کرنے اور انہیں انصاف میں تاخیر یا عدل سے انحراف پر مجبور کرتے ہوئے فراہمیٔ انصاف کی راہ میں مجرمانہ رکاوٹ بننے کی مایوس کن کوشش قرار

**کور کمیٹی کی تمام تر ریاستی شر انگیزیوں اور صاف شفاف انتخابات میں بدترین مداخلت کے باوجود کارکنان سے مکمل پرامن رہنے اور اپنی پوری توجہ 8 فروری کے انتخاب کی تیاریوں پر مرکوز رکھنے کی ہدایت**

- کور کمیٹی کی عوام سے ووٹ کا حق استعمال کرنے کیلئے انفرادی و اجتماعی سطح پر تیار رہنے اور اپنے ووٹ کے بنیادی آئینی، قانونی اور جمہوری حق کے زریعے ملک کو جنگل بنانے اور سلطانئ جمہور کیخلاف بند کمروں میں سازشوں کے جال بننے والوں کے کڑے محاسبے کا بیڑہ اٹھانے اور اپنے ووٹ کے مکمل تحفظ کا اہتمام کرنے کی بھی اپیل

---پاکستان تحریک انصاف کور کمیٹی

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ

Plot # 1-A, Street # 32, Sector G-8/4, Islamabad, Pakistan
Tel: +92 51 2610046, +92 51 26102047, Website: www.insaf.pk